بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس ۷

شیعہ کی پہچان کیا ہے؟

جناب آبان بن تغلب کی روایت: شیعہ وہ ہیں کہ جب لوگ آپس میں رسول ﷺ کے قول پر اختلاف کرتے ہیں تو علی (علیہ السلام) کے قول کی پیروی کرتے ہیں۔اور جب لوگ علی (علیہ السلام) کے قول کے بارے میں اختلاف کرتے ہیں تو جعفر بن محمد (علیہ السلام) کے قول کی پیروی کرتے ہیں۔

شیخ مفیدؒ: شیعہ امام علی (علیہ السلام) کی امامت بلا فصل پر عقیدہ رکھتے ہیں اور یہ عنوان اس گروہ سے مخصوص ہے جو امام کے ہر دور میں موجود ہونے کو نصّ کے ذریعہ ثابت کرتے ہیں، اور ہر امام کے معصوم ہونے پر عقیدہ رکھتے ہیں اور امامت کو امام حسین (علیہ السلام) کی اولاد میں منحصر جانتے ہیں۔

شیعیت کے بنیادی عقائد:

منصوص من اللہ (یعنی اللہ کی طرف سے بنایا ہوا) ہیں

معصوم عن الخطا (جن سے خطا نہیں ہوتی) ہیں

مفترض الطاعۃ (جنکی اطاعت واجب ہو) ہیں

سن 61 ہجری تک شیعوں میں کوئی خاص فرقہ وجود میں نہیں آیا۔

لیکن واقعہ کربلا کے بعد (یعنی سن 61 ہجری) اور حضرت مختار کے قیام کے بعد فرقہ کیسانیہ وجود میں آیا۔

کیسانیہ جناب محمد حنفیہ کی امامت کے قائل تھے۔

زیدیہ فرقہ: یہ لوگ امامت زید ابن علی کی امامت کے قائل تھے۔

ناوسیہ: یہ لوگ امام صادق (علیہ السلام) کی غیبت کے قائل ہیں۔

فرقہ فطحیہ: یہ لوگ امام صادق (علیہ السلام) کے بیٹے عبد اللہ افطح کی امامت کے قائل تھے۔

دوسرا فرقہ محمد دیباج کی امامت کا قائل ہوا۔

تیسرا فرقہ اسماعلیہ کے نام سے وجود میں آیا۔